

# آؤ، سمائی ناپیں

* جس برتن میں زیادہ پانی سماتا ہے اس کے نیچے دیے ہوئے چوکون میں رنگ بھرو۔



شاہد اور رضیہ باورچی خانے سے مختلف برتن لائے ۔ان کے پاس ایک مگ، ایک بالٹی اور ایک گلاس تھا۔

انھوں نے یہ سب برتن ایک  کا استعمال کر کے پانی سے بھر دیے۔



**شاہد** : رضیہ ! یہ بتاؤ کس برتن میں سب سے زیادہ پانی سمائے گا؟



**رضیہ** : ....................

اب تم بتاؤ کس برتن میں کم پانی سمائے گا؟

**شاہد** : ....................

**برائے اساتذہ :** مذکورہ بالا طریقے سے مختلف جسامت کے برتن استعمال کرتے ہوئے سرگرمی کروائی جائے۔

**آؤ، عمل کریں :** تم اپنے باورچی خانے سے مختلف برتن جمع کرو۔ یہ سب برتن پانی سے بھرنے کے لیے ایک ہی پیالی کا استعمال کیجیے۔ پہلے یہ اندازہ لگائیے کہ ہر برتن میں کتنی پیالیاں پانی سمائے گا۔ پھر سارے برتن پانی سے بھرنے کے بعد لگائے ہوئے اندازے کی جانچ کرو۔

| کس برتن میں پانی بھرا گیا؟ | اندازے کے مطابق کتنی پیالی پانی درکار ہے؟ | برتن بھرنے میں عملی طور پر کتنی پیالی پانی لگا؟ |
|---|---|---|
|  | | |
|  | | |
|  | | |
|  | | |

**سرگرمی :**

کھانسی کی دوا کی بوتل کے ڈھکن پر ایک اور پلاسٹک کا ڈھکن ہوتا ہے۔

اس کی مدد سے دوا ناپی جاتی ہے۔

ایک گلاس یا ایک کپ میں کتنے ڈھکن پانی سماتا ہے، دیکھو۔

NJ3C4F